سوال

(878) اپنی برادری یا قوم میں سنت کی ترویج کے لیے تبلیغ الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اپنی برادری یا قوم میں سنت کی ترویج کے لیے تبلیغ کے سلسلہ میں احسن طریق اور خوش اخلاقی، نرمی کی ضرورت ہوتی ہے۔ کیونکہ کسی کو قائل کرنا بڑا مشکل مسئلہ ہوتا ہے۔ اور خطرہ یہ ہوتا ہے کہ کہیں دوسروں کو راہ راست پر لاتے لاتے خود نہ بھٹک جائیں۔ بعض اوقات ان کی مسجد میں ان کے امام کے پیچھے نماز پڑھنی پڑتی ہے۔ ان کی کچھ بات مانیں گے تو تب وہ راغب ہوں گے۔ ورنہ اگر صرف ہم اپنی منوانے کی کوشش کریں گے تو وہ قطعاً سننے کو تیار نہیں ہوں گے۔ تو برائے مہربانی تبلیغ کے سلسلہ میں تھوڑی سی بات بتا دیں۔ تاکہ ذہنی پریشانی دور ہو جائے۔ اور صرف اپنے تک دین کو محدود نہ رکھیں۔ شکریہ   ایم رحمت علی انصاری رسول نگر ضلع گوجرانوالہ

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ کو اپنایا جائے۔ {لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ} [احزاب ۲۱ پ ۲۱] [رسول اللہ میں تمہارے لیے عمدہ نمونہ ہے]

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد01ص561